11 جون 2014ء

پاکستانی ورکرز کی ترسیلات زر میں 12.37 فیصد اضافہ،
مالی سال 14ء کے پہلے گیارہ مہینوں میں 14.33 ارب ڈالر بھیجے گئے

بیرون ملک مقیم پاکستانی ورکرز کی جانب سے رواں مالی سال 14-2013ء (م س 14ء) کے پہلے گیارہ مہینوں (جولائی تا مئی) میں 14,332.97 ملین ڈالر کی ترسیلات زر وطن بھیجی گئیں جو 12.37 فیصد کی نمو کو ظاہر کرتا ہے جبکہ گذشتہ مالی سال کے اسی عرصے (جولائی تا مئی م س 13ء) میں 12,755.37 ملین ڈالر بھیجے گئے تھے۔

جولائی تا مئی مالی سال 14ء کے دوران سعودی عرب، متحدہ عرب امارات، امریکہ، برطانیہ، دیگر جی سی سی ممالک (بشمول بحرین، کویت، قطر اور سلطنت عمان) اور یورپی یونین کے ممالک سے بالترتیب 4,257.50 ملین ڈالر، 2,813.80 ملین ڈالر، 2,241.80 ملین ڈالر، 1,979.32 ملین ڈالر، 1,691.41 ملین ڈالر اور 394.37 ملین ڈالر کی ترسیلات زر وطن آئیں جبکہ جولائی تا مئی مالی سال 13ء کے دوران ان ملکوں سے بالترتیب 3,751.55 ملین ڈالر، 2,531.57 ملین ڈالر، 2,006.28 ملین ڈالر، 1,774.07 ملین ڈالر، 1,469.70 ملین ڈالر اور 326.34 ملین ڈالر کی ترسیلات زر موصول ہوئی تھیں۔ رواں مالی سال کے پہلے گیارہ مہینوں (جولائی تا مئی م س 14ء) کے دوران ناروے، سوئٹزرلینڈ، آسٹریلیا، کینیڈا، جاپان اور دیگر ممالک سے 954.77 ملین ڈالر کی ترسیلات زر موصول ہوئیں جبکہ پچھلے مالی سال کے پہلے گیارہ مہینوں (جولائی تا مئی م س 13ء) کے دوران ان ممالک سے 895.86 ملین ڈالر کی ترسیلات زر موصول ہوئی تھیں۔

مئی 2014ء میں سعودی عرب، متحدہ عرب امارات، امریکہ، برطانیہ، دیگر جی سی سی ممالک (بشمول بحرین، کویت، قطر اور سلطنت عمان)، اور یورپی یونین کے ممالک سے بالترتیب 451.14 ملین ڈالر، 290.91 ملین ڈالر، 214.74 ملین ڈالر، 181.04 ملین ڈالر، 164.01 ملین ڈالر اور 39.06 ملین ڈالر کی ترسیلات زر وطن آئیں جبکہ مئی 2013ء کے دوران ان ملکوں سے بالترتیب 379.96 ملین ڈالر، 219.56 ملین ڈالر، 186.43 ملین ڈالر، 162.96 ملین ڈالر، 138.03 ملین ڈالر اور 28.65 ملین ڈالر کی ترسیلات زر موصول ہوئی تھیں۔ رواں مالی سال کے گیارہویں مہینے مئی م س 14ء کے دوران ناروے، سوئٹزرلینڈ، آسٹریلیا، کینیڈا، جاپان اور دیگر ممالک سے 97.46 ملین ڈالر کی ترسیلات زر موصول ہوئیں۔

☆☆☆